پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات،، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، شہید بھگت سنگھ مارگ ممبئی-400001
فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91

28اگست، 2015

1 ستمبر 2015 سے دوسرے اور چوتھے سنیچر کو بینکوں کی تعطیل و ورکنگ سنیچر پر آر بی آئی کی بینکوں کو معاون خدمات کی پیش کش

سبھی شیڈولڈ اور غیر شیڈولڈ بینکیں۔ پبلک، پرائیویٹ، فارن کو آپریٹیو، علاقائی گرامین اور لوکل ایریا بینکیں مہینہ کے ہر دوسرے اور چوتھے سنیچر کو تعطیل (چھٹی) رکھیں گی یہ یکم/ستمبر 2015 سے لاگو ہے اور دوسرے و چوتھے سنیچر کے علاوہ باقی سنیچروں کو پورے دن کام کرنا ہوگا (ریزرو بینک کی پریس ریلیز میں اس کو ورکنگ ڈیز کیا گیا ہے)اس وجہ سے ریزرو بینک نے یکم/ستمبر 2015 سے اپنے کام کاج میں مندرجہ ذیل تبدیلیاں کی ہیں۔

I. مالیاتی بازار کا حصہ(فائنینشیل مارکیٹ سگمینٹ)

(الف) مالیاتی بازار کے حصہ موجودہ وقت میں سنیچر کو ٹرانزیکشن کے لئے کھلے رہتے ہیں وہ سبھی ورکنگ سنیچر کو کھلے رہیں گے۔ وہ یہ ہیں:

(i) سبھی رقم سے متعلق کاروبار جیسے کال/نوٹس/ٹرم منی، مارکیٹ ریپو اور کولیٹریلائزڈ باروانگ اور لینڈنگ آبلیگیشن (سی بی ایل او) اور دونوں کی طرح ہی سبھی ورکنگ سنیچر پر کام کریں گے۔

(ii) فوریکس بازار اور سرکاری سیکورٹیز بازار اور سبھی او ٹی سی سے متعلق بازار ہر سنیچر کو بند رہیں گے۔

(ب) ریزرو بینک فلکسڈ ریٹ اور سر ریپو مارجینل اسٹینڈنگ سہولت (ایم ایس ایف) میں سبھی ورکنگ سنیچر پر 7:00 بجے شام سے 7:30 بجے شام تک کام کرتی رہیں گی۔

(ج) ریزرو بینک فلکسڈ ریٹ ایل اے ایف ریپو ونڈو پر سبھی ورکنگ سنیچر پر صبح 9:30 بجے سے 10:30 بجے تک اپنا کام کرے گی۔ ورکنگ سنیچر پر ایل اے ایف ریپو ونڈو پر کام اصل میں جمعہ کے کام کی توسیع ہی ہے۔ اس لئے بینک جمعہ کو 3 دن کے لئے اُدھار (بارو) لے سکیں گے اپنی مجوزہ لمٹ کے اندر اور باقی بچی بغیر استعمال لمٹ ورکنگ سنیچر پر 2 دن کے لئے استعمال کر سکیں گے۔

II. پیمنٹ سسٹم(ادائیگی نظام)

(i) ادائیگی نظام دوسرے اور چوتھے سنیچر کو آپریٹ نہیں ہوگا لیکن ورکنگ سنیچر کو پورے دن آپریٹ کیا جائے گا ادائیگی نظام میں خاص طور پر شامل ہے۔ آر ٹی جی ایس، این ای ایف ٹی، ملک میں مختلف بینکوں کے ذریعہ کام کرنے والے کلیرنگ ہاؤس کے ذریعہ چیکوں کی کلیرنگ اس میں شامل ہے گرڈ کی بنیاد پر سی ٹی ایس اور ای سی ایس، آر ای سی ایس اور این ای سی ایس۔

(ii) مستقبل کی تاریخ میں کئے جانے والے ٹرانزیکشن جو دوسرے اور چوتھے سنیچر کو پڑیں گے ان کو آر ٹی جی ایس اور ای سی ایس کے تحت نہیں کیا جائے گا۔

(iii) **بینکنگ ڈپارٹمنٹ:**

ریجنل آفس کا بینکنگ ڈپارٹمنٹ ورکنگ سنیچر پر پورے دن کھلا رہے گا۔ کیونکہ فائنینشیل مارکیٹ کی کارکردگی اور پیمنٹ سسٹم کو تعاون کرنے کے لئے ضروری ہے سبھی ایجنسی بینکوں میں ورکنگ سنیچر کو پورے دن سرکاری کام کاج ہوگا۔

آپ کو یہ پھر بتایا جاتا ہے کہ بھارت سرکار نے 20 اگست، 2015 کو اپنے گزٹ کے ایکسٹرا آرڈینری پارٹ II سیکشن 3 سب سیکشن (ii) کے ذریعہ ہر مہینہ کے دوسرے اور چوتھے سنیچر کو نیگوشیبل انسٹرومنٹ ایکٹ 1881 (1881 کا 26) کے تحت پبلک ہالی ڈے (عوامی تعطیل) کا اعلان کیا ہے۔ اس کے مطابق سبھی بینک خواہ وہ سیکنڈ شیڈول میں ہوں یا نہ ہوں (ریزرو بینک آف انڈیا ایکٹ 1934 (1934 کا 2) کے تحت یکم ستمبر، 2015 سے ہر ماہ کے دوسرے اور چوتھے سنیچر کو چھٹی منائیں گے۔ بینکوں کے ریگولیٹر ہونے کی وجہ سے ریزرو بینک (فائنینشیل مارکیٹ اور پیمنٹ اور سیٹلمنٹ سسٹم کا بھی ریگولیٹر) نے اپنے آپریشنل علاقوں کے کام میں کچھ معاون تبدیلیاں کی ہیں۔ مندرجہ بالا انتظام پر 6 مہینہ بعد غور کیا جائے گا۔

الپنا کلہ والا

پرنسپل چیف جنرل منیجر

پریس ریلیز 528/2015-2016